رول نمبر:_____

جوابی کاپی نمبر:_____

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: **عامہ سال دوم** پرچہ: **پہلا** مضمون: **دراسۃ القرآن+التفسیر**

تاریخ: **12-02-2024** دن: **پیر** کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** کل نمبر: **75**

حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: سورۃ الرحمن کے آخر میں کیا تذکرہ کیا گیا ہے؟ تعلیمات قران کی روشنی میں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: قرآن کریم نے گزشتہ قوموں کی ہلاکت کے واقعات کیوں بیان کیے ہیں؟

سوال نمبر 3: انسانوں اور جنات کو کس چیز سے پیدا کیا گیا ہے؟

سوال نمبر 4: سورۃ الرحمن کی آیت نمبر 9 میں کس چیز کا حکم دیا گیا ہے؟

سوال نمبر 5: سورۃ الحشر کی آخری تین آیات پڑھنے کی کیا فضیلت ہے؟

سوال نمبر 6: کیا کفار سے دوستی کرکے اللہ پاک کی رضا حاصل کی جاسکتی ہے؟

سوال نمبر 7: نماز جمعہ کی تیاری کب واجب ہوتی ہے؟

سوال نمبر 8: طلاق کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 9: جہنمیوں کو کھانے، پینے کے لئے کیا دیا جائے گا؟

سوال نمبر 10: مداہنت کیا ہے؟

سوال نمبر 11: سورۃ الحاقۃ کا مرکزی مضمون کیا ہے؟

سوال نمبر 12: حضرت نوح علیہ السلام نے کتنے عرصے تک اپنی قوم کو نیکی کی دعوت پیش کی؟

سوال نمبر 13: سورۃ الحجرات کے رکوع اور آیتوں کی تعداد بتائیے۔

سوال نمبر 14: استاد کے ادب کے حوالے سے علامہ آلوسی کا کیا طرز عمل تھا؟

سوال نمبر 15: کن لوگوں سے جنگ کرنا نہ جہاد ہے اور نہ ان کا مال مالِ غنیمت ہے؟

سوال نمبر 16: مسلمان پر بدگمانی کب حرام نہیں؟

سوال نمبر 17: "مسبحات" سورتیں کون سی کہلاتی ہیں؟

سوال نمبر 18: سورۃ الحدید کی سورۃ واقعہ کے ساتھ مناسبت کیا ہے؟

سوال نمبر 19: قیامت کے دن سب سے پہلے زمین کس کے لئے شق ہوگی؟

سوال نمبر 20: بدعت سیئہ کسے کہتے ہیں؟

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: سورۃ النجم کو "نجم" کہنے کی وجہ، اس کا مرکزی مضمون اور مرکزی مضمون کے علاوہ دو مضمون مزید تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: نبی کریم ﷺ جمعہ کی نماز میں "سورۃ الجمعہ" اور "سورۃ المنافقون" کی تلاوت کیوں فرمایا کرتے تھے؟

سوال نمبر 3: سورۃ القلم کی آیت نمبر 12 میں کافر کے کتنے اور کون کون سے عیب بیان ہوئے ہیں؟

سوال نمبر 4: سورۃ الحجرات کے کوئی سے تین مضامین تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: بدگمانی کے کوئی سے 2 دینی اور ایک دنیاوی نقصان تحریر کیجئے۔